CODE-56

دستخط نگران کار

Booklet Serial No.

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (معاشیات)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، مئی 2026

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

**Time: 2hrs** **Maximum Marks: 70**

## امیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گی جگہ اُمیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ امیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر کسی اور جگہ نہ لکھیں۔
2. یہ سوالنامہ (24) صفحات پر مشتمل ہے۔ امیدوار امتحان دینے سے پہلے سوالنامہ چیک کریں۔ کسی بھی تضاد کی صورت میں، نگران کار کی جانب سے ایک نیا سوالنامہ فراہم کیا جاسکتا ہے۔
3. سوالنامہ حصہ A اور حصہ B پر مشتمل ہے۔

**حصہ A** میں **50** متعدد انتخابی سوالات (MCQ) ہیں، ہر ایک میں چار اختیارات ہیں۔ امیدوار کو صحیح جواب کا انتخاب کرنا ہوگا اور OMR شیٹ پر **نیلے یا سیاہ بال پوائنٹ** قلم کا استعمال کرتے ہوئے متعلقہ دائرے کو نشان زد کرنا ہوگا۔ ہر سوال میں ایک نشان ہوتا ہے۔ OMR شیٹ میں متعلقہ سوال نمبر کے خلاف صحیح جواب پر صحیح طریقے سے نشان نہ ہونے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، اگر کسی سوال کے لیے ایک سے زیادہ آپشن نشان زد ہوں تو اس سوال کے لیے کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

4. **حصہ دوم** چار وضاحتی سوالات پر مشتمل ہے، ہر سوال کے لیے 5 نمبر ہیں۔ جوابات صرف 8 صفحات پر مشتمل دیئے گئے جوابی پرچے میں ہی لکھیں جائیں۔ کوئی اضافی جوابی پرچہ جاری نہیں کیا جائے گا۔
5. کوئی منفی نشانات نہیں ہیں۔
6. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر، امیدواروں کو اجازت ہے کہ وہ اپنا سوالنامہ لے جاسکتے ہیں۔

OMR شیٹ اور جوابی پرچہ نگران کار کے حوالے کردیں۔

***

**CODE-56**

# Part A
## Section 1 – Research Methodology

1. مندرجہ ذیل میں سے کون سی تحقیق کی قسم نہیں ہے؟

(A) بیانیہ (B) تجزیاتی
(C) عملی (D) قیاسی

2. مفروضہ کالعدم کو مسترد کرتے ہیں جب۔

(A) p−value > 0.05 (B) p−value < 0.05
(C) t−statistic = 0 (D) F−ratio < 1

3. رائے عامہ کا مطالعہ کرنے کے لیے کون سا طریقہ زیادہ موزوں ہے؟

(A) کیس اسٹڈی (B) سروے
(C) مشاہدہ (D) انٹرویو

4. کسی تجربے(Experiment) میں جس متغیر(Variable) کو تبدل کیا جاتا ہے، وہ ہے:

(A) آزاد متغیر (B) منحصر متغیر
(C) حائل متغیر (D) مخلوط متغیر

5. درستگی کو بڑھانے کے لیے تحقیق میں متعدد طریقوں کا استعمال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(A) اعتباریت (B) مصالحت کنندہ معاہدہ
(C) نمونہ (D) پیمائش مثلثی

CODE-56

.6 ایک سوال نامہ میں طے شدہ سوالات اور اختیارات (Options) کے درمیان اتفاق رائے کو کہا جاتا ہے۔

(A) غیر منظم انٹرویو (B) منظم انٹرویو

(C) آزاد سروے (D) منظم شیڈول

.7 کسی وقت کے ایک ہی نقطے پر کئے جانے والے مطالعہ کو کہا جاتا ہے:

(A) مقطعی مطالعہ (Cross-sectional study) (B) طولانی مطالعہ (Longitudinal study)

(C) تجرباتی مطالعہ (Experimental study) (D) مطالعہ بالمثال (Case study)

.8 سروے میں غلطی کی ایک عام قسم جہاں لوگ جواب نہیں دیتے۔۔۔۔۔۔۔۔۔:

(A) نمونے کی غلطی (B) کوریج کی خرابی

(C) پیمائشی غلطی (D) عدم جوابی تعصب

.9 معیاری (Qualitative) اعداد و شمار کے تجزیے میں شامل ہے:

(A) رجعت (Regression) (B) مواد کا تجزیہ

(C) ANOVA (D) مفروضے کی جانچ

.10 جانچ کی اندرونی استواری (internal consistency) کی پیمائش۔۔۔۔۔۔۔۔کے ذریعے کی جاتی ہے۔

(A) Cronbach's Alpha (B) p-value

(C) F-ratio (D) T-score

**CODE-56**

11. مندرجہ ذیل میں سے کس جانچ میں Normal Distribution کو فرض مانا گیا ہے؟

(A) Mann-Whitney U test
(B) Kruskal-Wallis test
(C) t-test
(D) Wilcoxon test

12. ایک شماریاتی جانچ جس کا استعمال categorical variables کے درمیان تعلق کا تعین کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

(A) ANOVA
(B) t-test
(C) Z-test
(D) Chi-square test

13. پیمائشی یکسانیت کی کیفیت کو کیا کہتے ہیں؟

(A) اعتباریت(Reliability)
(B) درستگی( Validity)
(C) سچائی(Accuracy)
(D) باقاعدگی(Precision)

14. پیشن گوئی میں ماہرین کے لیے کون سی تکنیک استعمال کی جاتی ہے؟

(A) مضمون کا تجزیہ
(B) ڈیلفی تکنیک
(C) Simulation
(D) Monte Carlo

15. ایسا متغیر جسے تعصب(bias)کے اخراج کے لیے ساکت / قائم (constant)رکھا جاتا ہو۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(A) منحصر متغیر
(B) آزاد متغیر
(C) مخلوط متغیر
(D) اختیاری متغیر

CODE-56

16. نمونے کے اعداد و شمار سے آبادی کے متعلق نتائج اخذ کرنا کہلاتا ہے:

(A) استنباطی شماریات (B) بیانیہ شماریات

(C) پیشن گوئی تجزیہ (D) خوشہ جاتی تجزیہ

17. Econometric ماڈلنگ میں Ordinary Least Squares (OLS) تخمینہ کار، کس حالت میں BLUE رہتا ہے۔

(A) جب اعداد و شمار غیر مستحکم ہوں (non-stationary)

(B) جب regressors احتمالی ہو

(C) جب Gauss-Markov کے مفروضات کو تسلیم کیا گیا ہو

(D) جب متغیرات (exceeds) کی تعداد مشاہدات (observations) سے تجاوز کر جائیں

18. مندرجہ ذیل میں سے کون Classic Linear Regression Model (CLRM) کا بنیادی مفروضہ ہے؟

(A) منحصر متغیر Normally Distribute ہو

(B) آزاد متغیرات error terms سے منسلک ہوں

(C) Error term میں یکساں فرق (Variance) ہو۔

(D) وضاحتی متغیرات کے درمیان کثیر الجہتی (Multicollinearity) ہو

19. ایک Regression ماڈل میں کثیر الجہتی (Multicollinearity) سے مراد

(A) منحصر متغیر آزاد متغیرات کا ایک لکیری مجموعہ ہے

(B) Error terms میں Auto Correlated ہوتا ہے

(C) دو یا دو سے زائد آزاد متغیرات انتہائی باہم مربوط ہیں

(D) Regression ماڈل غلط بیان کردہ ہے

**CODE-56**

20. مفروضے کی جانچ میں، ٹائپ I غلطی اس وقت ہوتی ہے جب

(A) صحیح مفروضہ عدم (Null Hypothesis) کو مسترد کیا جاتا ہے

(B) غلط مفروضہ عدم (Null Hypothesis) کو تسلیم کیا جاتا ہے

(C) صحیح مفروضہ متبادل (Alternative Hypothesis) کو مسترد کیا جاتا ہے

(D) غلط مفروضہ متبادل (Alternative Hypothesis) کو تسلیم کیا جاتا ہے

21. Regression کے تجزیات میں ($R^2$) Coefficient of determination ------- کی پیمائش کرتا ہے۔

(A) کثیر الجہتی کی ڈگری

(B) اسبابی تعلق کی طاقت

(C) متغیر اور منحصر متغیر میں موجود فرق کے تناسب کو واضح کرتا ہے

(D) residuals کے standard deviation

22. ٹائم سیریز کے تجزیات میں، Durbin-Watson جانچ کا استعمال --------- کا پتہ لگانے کے لیے کیا جاتا ہے۔

(A) Heteroscedasticity

(B) کثیر الجہتی (Multicollinearity)

(C) Autocorrelation in residuals

(D) residuals میں Normality

23. دو categorical متغیرات کے درمیان تعلق کو جانچنے کے لیے مندرجہ ذیل میں سے کون سی شماریاتی جانچ موزوں ہے؟

(A) T-test

(B) ANOVA

(C) Pearson correlation

(D) Chi-square test

CODE-56

24. Econometrics میں، Ordinary Least Squares (OLS) طریقہ پیرامیٹرز کا تخمینہ ------- کے ذریعہ کرتا ہے۔

(A) Residuals کے مجموعے کو کم سے کم کرنا

(B) Likelihood Function کو زیادہ سے زیادہ کرنا

(C) مطلق غلطیوں کو کم سے کم کرنا

(D) واضح کردہ تغیرات کو زیادہ سے زیادہ کرنا

25. کونسی تنظیم انسانی ترقی کے اشاریہ کو شائع کرتی ہے۔

(A) IMF

(B) UNDP

(C) عالمی بینک

(D) WTO

## Section 2 – Economics

26. قیمت میں تبدیلی کے متبادل اثر (substitution effect) کو بہترین طور پر بیان کیا گیا ہے۔

(A) طلب میں تبدیلی

(B) بجٹ لکیر کا منتقل ہونا

(C) خط طلب کا حرکت کرنا

(D) نسبتی قیمت (relative price) کی تبدیلی کی وجہ سے خرچ میں تبدیلی

27. مکمل مسابقتی بازار میں ایک فرم مختصر مدت میں پیداوار جاری رکھے گی اگر --------

(A) قیمت>اوسط متغیر لاگت

(B) قیمت=اوسط معین لاگت

(C) قیمت<اوسط متغیر لاگت

(D) حاشیائی لاگت<حاشیائی آمدنی

**CODE-56**

28. طویل مدت میں، اجارہ دارانہ مسابقتی فرمیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پیداوار کرتی ہیں۔

(A) کم سے کم اوسط لاگت پر (B) حاشیائی لاگت = حاشیائی آمدنی پر

(C) طلب اور اوسط کل لاگت کے نقطہ مماس پر (D) قیمت = حاشیائی لاگت پر

29. گفن اشیاء کی خصوصیات ہیں۔

(A) مثبت آمدنی(income effect) کا اثر اور منفی متبادل اثر(substitution effect )

(B) منفی آمدنی کا اثر اور مثبت متبادل اثر

(C) منفی آمدنی اور متبادل اثرات

(D) مثبت آمدنی اور متبادل اثرات

30. اخراجات کے طریقے کے زریعے پیمائش کی گئی جی ڈی پی میں مندرجہ ذیل میں سے کس کا شمار نہیں ہوتا۔

(A) صارف کے اخراجات

(B) حکومتی اخراجات

(C) ادائیگیوں کی منتقلی

(D) خالص برآمد

31. اگر(marginal propensity to consume)حاشیائی میلان صرف 0.75 ہو تو ضارب(multiplier ) کی قدر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہو گی۔

(A) 4 (B) 2

(C) 5 (D) 1.5

CODE-56

32. کینزین نظریہ کے مطابق، غیر اختیاری بے روز گاری کیوں موجود رہتی ہے؟

(A) اجرت لچکدار ہوتی ہیں

(B) نقطہ توازن پر مزدور کی رسد مزدور کی طلب سے زیادہ ہوتی ہے

(C) مجموی طلب ناکافی ہوتی ہے

(D) بے روز گاری کی ہمیشہ قدرتی شرح ہوتی ہے

33. مندرجہ ذیل میں سے کون فلپس خط کی بہترین وضاحت کرتا ہے۔

(A) افراط زر اور معاشی نمو کے درمیان تعلق کو دکھاتا ہے

(B) سود کی شرح اور زر کی رسد کے درمیان تعلق کو ظاہر کرتا ہے

(C) بے روز گاری اور افراط زر کے درمیان تعدیلی(Trade-off) تعلق کو ظاہر کرتا ہے

(D) خرچ اور بچت کے درمیان تعدیلی(Trade-off) تعلق کو ظاہر کرتا ہے

34. افراط زر(Stagflation) سے مراد؟

(A) کم افراط زر اور زیادہ نمو

(B) زیادہ افراط زر اور زیادہ بے روز گاری

(C) زیادہ افراط زر اور کم بے روز گاری

(D) کم افراط زر اور کم بے روز گاری

35. کیمبرج نظریہ کے مطابق زر کی طلب کا تفاعل (Function)------------------- ہے۔

(A) سود کی شرح    (B) آمدنی

(C) سرمایہ کاری    (D) قیمتیں

CODE-56

36. اوپن مارکیٹ آپریشنز سے کیا مراد ہے؟

(A) تجارتی بینکوں کو قرض دینا

(B) حکومتی ہنڈی(securities )کی خرید و فروخت کرنا

(C) بینک کی شرح کو تبدیل کرنا

(D) ریزرو تناسب طے کرنا

37. مندرجہ ذیل میں سے کس آلہ کا استعمال مالیاتی پابندی(Monetary Control)کے لیے نہیں کیا جاتا؟

(A) Cash Reserve Ratio (CRR)

(B) Repo rate

(C) مالیاتی خسارہ (Fiscal deficit )

(D) Open Market Operations

38. فشر کا نظریہ مقدار زر درج ذیل میں سے کس مفروضے پر مبنی ہے؟

(A) مستقل رفتار(velocity) اور پیداوار

(B) غیر مستقل رفتار(Variable) اور پیداوار

(C) مستقل زر رسد

(D) قیمت کی مستقل سطح

39. سیالیت(Liquidity Trap)سے کیا مراد ہے؟

(A) سرمایہ کاری سود سے غیر لچکدار ہے

(B) لوگ اپنی ساری دولت کو بونڈ میں رکھتے ہیں

(C) شرح سود صفر ہے اور زر کی طلب کامل لچکدار(Perfectly Elastic)ہے

(D) مرکزی بینک معیشت پر اثر انداز نہیں ہوتا

**CODE-56**

40. ہندوستان میں جی ایس ٹی کے تعارف کا مقصد تھا۔

(A) درآمدات کی حوصلہ افزائی
(B) براہراست ٹیکسوں میں اضافہ
(C) ایک متحد ٹیکس ڈھانچہ بنانا
(D) سبسڈی کو کم کرنا

41. مندرجہ ذیل میں سے کس کمیٹی نے ہندوستان میں افراط زر کے ہدف کو متعارف کرانے کی سفارش کی۔

(A) چکراورتی کمیٹی
(B) نرسمہم کمیٹی
(C) ارجیت پٹیل کمیٹی
(D) کیلکر کمیٹی

42. لافرخط۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے درمیان تعلق کو بیان کرتا ہے۔

(A) ٹیکس کی شرح اور ٹیکس کی آمدنی
(B) عومی قرض اور افراط زر
(C) سود کی شرح اور سرمایہ کاری
(D) مالیاتی خسارہ اور جی ڈی پی

43. توازن ادائیگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں شمار ہوتا ہے۔

(A) صرف پونجی کھاتے(Capital account) کا
(B) صرف چالو کھاتے(Current account)کا
(C) پونجی اور چالو کھاتے کا
(D) مالیاتی اور آمدنی کھاتوں( Revenue & fiscal)کا

44. خطی تفاعل طلب $Q = a - bP$ میں لچک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(A) ساکت / قائم
(B) P اور Q کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتا ہے
(C) ہمیشہ 1 سے زائد رہتا ہے
(D) ہمیشہ 1 سے کم رہتا ہے

CODE-56

45. مندرجہ ذیل میں سے کون Classical Linear Regression Model کا مفروضہ ہے۔

(A) Endogeneity of Regressors

(B) Error terms کی Homoscedasticity

(C) کثیر الجہتی( Multicollinearity )

(D) تخمینے کی طرفداری( Biasedness of estimators )

46. Constrained Optimization میں Lagrangian ضارب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی نمائندگی کرتا ہے۔

(A) بجٹ لکیر کے ڈھلان

(B) آمدنی کے حوالے سے افادیت میں تبدیلی کی شرح

(C) حاشیائی شرح بدل( marginal rate of substitution )

(D) Constraint میں تبدیلی

47. خطی مساوات کے نظام(System of Linear equations) میں ایک انوکھا حل( unique solution ) نظر آتا ہے اگر

(A) Coefficient میٹرکس کا تعین کنندہ صفر ہے

(B) تمام متغیرات منحصر ہیں

(C) Coefficient میٹرکس کا تعین کنندہ صفر نہیں ہے

(D) میٹرکس واحد( singular ) ہے

48. دو متغیر Optimization مسئلے میں Hessian میٹرکس۔۔۔۔۔۔۔۔کا تعین کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

(A) افادیت کے تفاعل کے تحدب(convexity)

(B) Constraint کی ڈھلان

(C) Maxima/minima کے لیے سیکنڈ آرڈر کی شرائط

(D) Optimization کے لیے فرسٹ آرڈر شرائط

**CODE-56**

49. سولو کے نمو کے ماڈل کے مطابق طویل مدتی معاشی نمو بنیادی طور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پر منحصر ہے۔

(A) سرمایہ جمع کرنا (Capital Accumulation)

(B) تکنیکی ترقی (Technological Progress)

(C) حکومتی اخراجات

(D) زر کی رسد

50. درج ذیل میں سے حکومت کی آمدنی کا غیر ٹیکس ذریعہ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) آمدنی ٹیکس

(B) Excise Duty

(C) PSUs سے ملنے والا منافع

(D) Customs Duty

## Part B (Descriptive Questions)

**Answer all four question** **20Marks**

## Research Methodology

1. سماجی علوم کی تحقیق میں مفروضے کی جانچ کے کردار کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔ واضح کیجیے کہ یہ تحقیق کے نتائج کو عام کرنے میں کس طرح تعاون کرتا ہے؟

2. اعداد و شمار کو جمع کرنے کے آلات کے تناظر میں اعتباریت اور درستگی کے تصورات کی وضاحت کیجیے۔

## Economics

3. وبائی مرض (Covid-19) کے بعد (2022–2024) کے دوران ہندوستان میں افراط زر سے نمٹنے میں زری پالیسی (monetary policy) کے کردار کا تنقیدی جائزہ لیجیے اور واضح کیجیے کہ قیمتوں میں استحکام کے انتظام میں RBI کتنا موثر رہا ہے؟

4. ہندوستان میں دیہات سے شہروں میں نقل مکانی کے اسباب اور نتائج کا جائزہ لیجیے۔ واضح کیجیے کہ یہ علاقائی تفاوت، شہری بنیادی ڈھانچے اور دیہی ترقی کو کیسے متاثر کرتا ہے؟

***

# Rough Work